...ی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ
CPL 61
الفضل ربوہ
ایڈیٹر: عبدالسّمیع خان
PH: 0092 4524 213029

جمعرات 20- اپریل 2000ء - 14 محرم 1421 ہجری - 20 شہادت 1379 ہش جلد 50-85 نمبر 87

خوش الحانی سے تلاوت

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عاشق قرآن سے کہا جائے گا کہ قرآن پڑھ اور درجات میں ترقی کرتا جا- اور اسی طرح خوش الحانی سے پڑھ جس طرح دنیا میں پڑھتا تھا- تیرا مقام اس آخری آیت تک ترقی پذیر ہے جو تو تلاوت کرے گا-

(جامع ترمذی کتاب فضائل القرآن باب من قرء حرفاً)

ارشادات عالیہ حضرت بانیٔ سلسلہ احمدیہ

10- اپریل 1907ء — اچھی تلاوت کو پسند فرمانا

بوقت سیر

صبح کو حضرت سیر کے واسطے تشریف لے گئے- خدام ساتھ تھے- حافظ محبوب الرحمٰن صاحب جو کہ اخویم منشی حبیب الرحمٰن صاحب رئیس حاجی پورہ اور بھائی جان منشی ظفر احمد صاحب کے عزیزوں میں سے ہیں ساتھ تھے- حضرت نے حافظ صاحب کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ:-

یہ قرآن شریف اچھا پڑھتے ہیں اور میں نے اسی واسطے ان کو یہاں رکھ لیا ہے کہ ہر روز ان سے قرآن شریف سنا کریں گے- مجھے بہت شوق ہے کہ کوئی شخص عمدہ، صحیح، خوش الحانی سے قرآن شریف پڑھنے والا ہو تو اس سے سنا کروں-

پھر حافظ صاحب موصوف کو مخاطب کر کے حضرت نے فرمایا کہ:

آج آپ سیر میں کچھ سنائیں چنانچہ تھوڑی دور جا کر آپ نہایت سادگی کے ساتھ ایک کھیت کے کنارے زمین پر بیٹھ گئے اور تمام خدام بھی زمین پر بیٹھ گئے اور حافظ صاحب نے نہایت خوش الحانی سے سورہ دھر پڑھی جس کے بعد آپ سیر کے واسطے آگے تشریف لے گئے- (ملفوظات جلد پنجم ص 197)

قرآن شریف کس طرح پڑھا جاوے؟

حضرت اقدس نے فرمایا:-

قرآن شریف تدبر و تفکر و غور سے پڑھنا چاہئے- حدیث شریف میں آیا ہے (-) یعنی بہت ایسے قرآن کریم کے قاری ہوتے ہیں جن پر قرآن کریم لعنت بھیجتا ہے- جو شخص قرآن پڑھتا اور اس پر عمل نہیں کرتا اس پر قرآن مجید لعنت بھیجتا ہے- تلاوت کرتے وقت جب قرآن کریم کی آیت رحمت پر گذر ہو تو وہاں خدا تعالیٰ سے رحمت طلب کی جاوے اور جہاں کسی قوم کے عذاب کا ذکر ہو تو وہاں خدا تعالیٰ کے عذاب سے خدا تعالیٰ کے آگے پناہ کی درخواست کی جاوے اور تدبر و غور سے پڑھنا چاہئے اور اس پر عمل کیا جاوے- (ملفوظات جلد پنجم ص 157)

تمام احمدی ہومیو پیتھس متوجہ ہوں

○ شعبہ خدمت خلق خدام الاحمدیہ مرکزیہ پاکستان کے تحت "طاہر ہومیو پیتھک کلینک اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ" کا قیام عمل میں لایا گیا ہے- ہومیو پیتھی کے میدان میں وسیع تحقیقات کے لئے تمام احمدی ہومیو پیتھس کا تعاون درکار ہے- اس سلسلہ کے پہلے مرحلہ میں تمام احمدی ہومیو پیتھس کی ادارے میں رجسٹریشن کی جا رہی ہے- اس سلسلہ میں ہومیو پیتھس کے درج ذیل کوائف درکار ہیں-

1- نام
2- ولدیت
3- تاریخ پیدائش
4- تعلیم
5- D.H.M.S پاس کرنے کی صورت میں نیشنل کونسل فار ہومیو پیتھی پاکستان کا رجسٹریشن نمبر
6- ایک ماہ میں اوسطاً کتنے مریضوں کا علاج کرتے ہیں-
7- کتنے عرصہ سے ہومیو پیتھی پریکٹس کر رہے ہیں-
8- کیا آپ ایک فری ڈسپنسری بھی چلا رہے ہیں-
9- ہومیو پیتھی کی کونسی کتب / لٹریچر زیر مطالعہ رہا ہے-
10- ہومیو پیتھک پریکٹس کے علاوہ دیگر مصروفیات کیا ہیں-
11- مکمل پتہ رہائش مع فون نمبر/ فیکس
12- مکمل پتہ کلینک مع فون نمبر/ فیکس
13- E Mail ایڈریس

یہ تمام کوائف 25- اپریل تک صدر صاحب کمیٹی ہومیو پیتھی ایوان محمود ربوہ یا Email ایڈریس

drwaqar@brain.net.pk

پر پہنچا دیں- جزاکم اللہ

(شعبہ خدمت خلق خدام الاحمدیہ پاکستان ایوان محمود ربوہ)

خصوصی درخواست دعا

○ احباب جماعت سے جملہ اسیران راہ مولا کی جلد اور باعزت رہائی کے لئے دردمندانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ان بھائیوں کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور ہر شر سے بچائے-

☆☆☆☆☆☆☆

پُر اثر کلام

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ قبیلہ ازدشنوءہ کا ایک آدمی جس کا نام ضماد تھا مکہ میں آیا۔ وہ دم درود اور جھاڑ پھونک کرتا تھا اس نے مکہ کے بعض بیوقوفوں سے سنا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) دیوانہ ہوگیا ہے اس پر اس نے دل میں خیال کیا کہ اگر میں ان کے پاس جاؤں اور ان کو دم کروں تو شاید اللہ تعالیٰ انہیں شفاء دے دے۔ چنانچہ وہ حضورؐ سے ملے اور کہا اے محمد! میں دیوانگی کی اس بیماری کا دم کرتا ہوں۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے دم کی وجہ سے آپ کو شفاء دے گا۔ اس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ضماد کے سامنے یہ کلمات بیان فرمائے۔ سب تعریف اللہ کے لئے ہے سو ہم اسی کی حمد کرتے ہیں' ہم اسی سے مدد چاہتے ہیں۔ جسے اللہ تعالیٰ ہدایت دے اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا اور جسے وہ گمراہ ٹھہرائے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں' وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور محمد اس کا بندہ اور رسول ہے" اس کے بعد آپؐ کچھ فرمانے لگے تو ضماد نے کہا: ذرا یہی کلمات دوبارہ فرمایئے۔ چنانچہ حضورؐ نے تین بار ان کلمات کو دوہرایا۔ اس پر ضماد نے کہا میں نے بڑے بڑے کاہنوں اور جادوگروں کا کلام سنا ہے۔ شعراء کو بھی سنا ہے۔ لیکن ایسا پُر تاثیر کلام میں نے کسی سے نہیں سنا جیسا آپؐ سے سنا ہے۔ یہ تو سمندر کی گہرائی تک اثر کرنے والا کلام ہے یعنی دل میں اتر جانے والا ہے۔ اپنا ہاتھ بڑھایئے میں بیعت کرتا ہوں اور اسلام قبول کرتا ہوں چنانچہ اس نے بیعت کی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی قوم کی طرف سے بھی تم یہی بیعت کرو۔ اس نے کہا ٹھیک ہے۔ (آپؐ جب مدینہ تشریف لے گئے تو) آپؐ نے اس قبیلہ کے علاقہ کی طرف ایک مہم بھیجی امیر لشکر نے اپنے فوجیوں کو کہا کیا ان لوگوں کی کوئی چیز ان کی اجازت کے بغیر کسی نے لی ہے؟ ایک شخص نے کہا۔ ہاں میں نے ایک لوٹا لیا ہے۔ امیر لشکر نے اسے کہا کہ اسے واپس کر دو کیونکہ ان کا تعلق ضماد کی قوم سے ہے (اور ان کو امان حاصل ہے)

(مسلم کتاب الجمعہ باب تخفیف الصلوٰۃ)

فرخ سلطانی

دلبر مرا یہی ہے

نمبر 54

سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دلکش پہلو

کاش میں آج مسلمان ہوا ہوتا

حضرت اسامہ بن زیدؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں جہینہ قبیلہ کے نخلستان کی طرف بھیجا جنہوں نے بعض مسلمانوں کو قتل کرکے جلا دیا تھا۔ ہم نے صبح صبح ان کے چشموں پر ہی ان کو جالیا۔ میں نے اور ایک انصاری نے ان کے ایک آدمی کا تعاقب کیا۔ جب ہم نے اس کو جالیا اور اسے مغلوب کر لیا تو وہ بول اٹھا خدا تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ یعنی اس نے اظہار کیا کہ وہ مسلمان ہے۔ اس بات پر میرا انصاری ساتھی تو رک گیا لیکن میں نے اسے قتل کرکے چھوڑا۔ جب ہم مدینہ واپس آئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس واقعہ کا ذکر کیا تو آپؐ نے فرمایا: اے اسامہ! کلمۂ توحید پڑھ لینے کے باوجود اسے قتل کر دیا؟ کیا تو نے اس کے لا الٰہ الا اللہ کہنے کے باوجود اسے قتل کر دیا۔؟ آپؐ بار بار یہ دہراتے جا رہے تھے۔ یہاں تک کہ میں نے تمنا کی 'کاش میں آج سے پہلے مسلمان ہی نہ ہوتا۔ (تاکہ یہ غلطی مجھ سے سرزد ہی نہ ہوتی)

ایک روایت میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کیا جبکہ اس نے لا الٰہ الا اللہ کا اقرار کر لیا تو پھر بھی تو نے اسے قتل کر دیا؟ میں نے عرض کیا۔ اے اللہ کے رسولؐ! اس نے ہتھیار کے ڈر سے ایسا کہا تھا۔ آپؐ نے فرمایا تو کیوں نہ تو نے اس کا دل چیر کر دیکھا کہ اس نے دل سے کہا ہے یا نہیں۔ حضورؐ نے یہ بات اتنی بار دہرائی کہ میں تمنا کرنے لگا کہ کاش میں آج ہی مسلمان ہوا ہوتا (تاکہ یہ غلطی میرے نامہ اعمال میں نہ لکھی جاتی)

(بخاری کتاب المغازی باب بعث النبی اسامہ)

تم اسے قتل نہیں کرسکتے

حضرت عبید اللہ بن عدیؓ بیان کرتے ہیں کہ مقداد بن عمرو کندیؓ جو جنگ بدر میں شامل ہوئے تھے انہوں نے مجھے بتایا کہ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ حضور اگر کسی کافر سے میری مڈبھیڑ ہو جائے اور وہ تلوار سے میرا ہاتھ کاٹ ڈالے پھر اپنے بچاؤ کی خاطر درخت کی اوٹ میں ہو جائے اور کہے کہ میں خدا پر ایمان لاتا ہوں تو کیا میں اسے اس کے یہ کہنے کے بعد قتل کر سکتا ہوں؟ حضورؐ نے فرمایا نہیں تم اسے قتل نہیں کر سکتے۔ مقداد نے عرض کیا حضور! اس نے تو میرا ایک ہاتھ کاٹ ڈالا ہے پھر اپنی جان بچانے کی خاطر یہ کہہ رہا ہے تو کیا میں اسے قتل نہ کر دوں؟ حضورؐ نے فرمایا۔ نہیں جب وہ ایمان کا اقرار کرتا ہے تو تم اس کو قتل نہیں کر سکتے۔ اگر تم اس اقرار کے بعد اسے قتل کرو گے تو تم اس مقام پر ہو گے جس پر وہ تھا۔ یعنی وہ مومن اور تم کافر قرار پاؤ گے۔

(بخاری کتاب الدیات)

احمدیہ ٹیلی ویژن کے پروگرام

پاکستانی وقت کے مطابق

سوموار 24۔اپریل 2000ء

12-45 a.m بوسنین پروگرام۔
1-20 a.m. درس القرآن
2-50 a.m. ناصرات اور ینگ لجنہ سے ملاقات
4-05 a.m. تلاوت۔خبریں۔
4-40 a.m. چلڈرنز کارنر۔
5-15 a.m. لقاء مع العرب۔نمبر 304
6-15 a.m. دستاویزی پروگرام۔
6-30 a.m. ایم ٹی اے ورائٹی۔
6-55 a.m. اردو کلاس۔نمبر 264
8-15 a.m. چائنیز سیکھئے
8-55 a.m. ناصرات اور ینگ لجنہ سے ملاقات۔
10-05 a.m. تلاوت۔خبریں۔
10-35 a.m. چلڈرنز کارنر۔
11-05 a.m. درس القرآن نمبر 3
12-40 p.m. لقاء مع العرب۔نمبر 304
1-40 p.m. اردو کلاس۔نمبر 264
2-55 p.m. انڈونیشین سروس۔
4-05 p.m. تلاوت۔خبریں۔
4-40 p.m. نارویجین سیکھئے۔
5-10 p.m. فرانس پروگرام۔
6-10 p.m. بنگالی سروس۔
7-10 p.m. ہومیو پیتھی کلاس نمبر 114
8-20 p.m. چلڈرنز کلاس۔نمبر 64
8-55 p.m. جرمن سروس۔
10-05 p.m. تلاوت۔

منگل 25۔اپریل 2000ء

12-15 a.m. ترکی پروگرام۔
12-45 a.m. فرانسیسی پروگرام۔
1-45 a.m. روحانی خزائن۔
2-25 a.m. ہومیو پیتھی کلاس نمبر 114
3-35 a.m. نارویجین سیکھئے۔
4-05 a.m. تلاوت۔خبریں
4-35 a.m. چلڈرنز کلاس۔نمبر 64
5-10 a.m. لقاء مع العرب۔نمبر 305
6-30 a.m. ایم ٹی اے سپورٹس۔
7-05 a.m. اردو کلاس۔نمبر 265
8-25 a.m. نارویجین سیکھئے
8-55 a.m. فرانسیسی پروگرام۔
10-05 a.m. تلاوت۔خبریں
10-30 a.m. چلڈرنز کلاس۔نمبر 64
11-05 a.m. پشتو پروگرام۔
12-15 p.m. روحانی خزائن۔
12-55 p.m. لقاء مع العرب نمبر 305
2-00 p.m. اردو کلاس نمبر 265
3-00 p.m. انڈونیشین سروس۔
4-05 p.m. تلاوت۔خبریں۔
4-35 p.m. فرانسیسی سیکھئے۔
5-00 p.m. بنگالی ملاقات (نئی) (ریکارڈنگ: 18۔اپریل 2000ء)
6-00 p.m. بنگالی سروس۔
7-05 p.m. ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 85
8-35 p.m. چلڈرنز کارنر۔
9-00 p.m. جرمن سروس۔
10-05 p.m. تلاوت۔سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم

بدھ 26۔اپریل 2000ء

12-30 a.m ایم ٹی اے ناروے
1-00 a.m. بنگالی ملاقات۔
2-00 a.m. ہماری کائنات۔
2-25 a.m. ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 85
3-30 a.m. فرانسیسی سیکھئے۔
4-05 a.m. تلاوت۔خبریں۔
4-35 a.m. چلڈرنز کارنر۔
5-00 a.m. لقاء مع العرب۔نمبر 306
6-20 a.m. بنگالی ملاقات۔
7-20 a.m. اردو کلاس نمبر 266
8-35 a.m. فرانسیسی پروگرام۔
8-55 a.m. ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 85
10-05 a.m. تلاوت۔خبریں۔
10-40 a.m. چلڈرنز کارنر۔
11-05 a.m. سواحیلی پروگرام۔
12-10 p.m. ہماری کائنات۔
12-35 p.m. لقاء مع العرب۔نمبر 306
1-55 p.m اردو کلاس۔نمبر 266
2-55 p.m. انڈونیشین سروس۔
4-05 p.m. تلاوت۔خبریں۔
4-35 p.m. اردو سیکھئے
5-05 p.m. اطفال سے ملاقات (نئی) (ریکارڈنگ۔ 19۔اپریل 2000ء)
6-05 p.m. بنگالی سروس۔
7-05 p.m. ترجمۃ القرآن کلاس نمبر 86
8-10 p.m. اردو سیکھئے۔
8-55 p.m. جرمن سروس۔
10-05 p.m. تلاوت۔

پبلشر آغا سیف اللہ - پرنٹر قاضی منیر احمد - مطبع ضیاء الاسلام پریس - مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت 2 روپے 50 پیسے

مرتبہ: مکرم مولانا سید احمد علی شاہ صاحب

ماخوذ "رؤیا و کشوف سیدنا محمود"

خوابوں کے بعض اصول اور تعبیریں

از افاضات سیدنا حضرت مصلح موعود

سیدنا حضرت مصلح موعود کے رویا و کشوف پر مشتمل ایک بہت جامع کتاب فضل عمر فاؤنڈیشن کی طرف سے "رویا و کشوف سیدنا محمود" کے عنوان سے شائع ہو چکی ہے۔ جس میں حضور نے خوابوں کے ساتھ ساتھ ان کے متعلق قیمتی اصول اور تعبیریں بھی بیان کی ہیں۔

یاد رکھنا چاہئے کہ خوابوں کی تعبیر ایک نازک امر ہے۔ اور ہر شخص کے لئے کسی چیز کی ایک ہی تعبیر ہونا ضروری نہیں۔ خواب کی تعبیر میں بہت سے عوامل کار فرما ہوتے ہیں اس لئے اس مضمون سے احتیاط سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔

مرنے کی تعبیر

1916ء میں فرمایا کہ "مرنے کی ایک تعبیر مرتد ہونا بھی ہے۔" (ص45)

بھینس

نومبر1923ء میں فرمایا کہ "تعبیر الرؤیا میں بھینس کی تعبیر وبا یا بیماری ہوتی ہے اور طاعون سے مراد بھی عام بیماری یا کوئی وبا ہوتی ہے اور طاعون بھی ہو سکتی ہے۔" (ص76)

مولی

دسمبر1923ء میں فرمایا کہ "مولی غم پر دلالت کرتی ہے اور کھیت سے اکھاڑنے کا مطلب جماعت سے جدا کرنا ہے۔" (ص77)

تندرستی

1924ء میں فرمایا کہ "میر صاحب (حضرت میر ناصر نواب صاحب ناقل) کو تندرست دیکھا جس کے معنی موت کے ہیں کیونکہ بڑھاپے سے تندرستی بعد الموت ہی حاصل ہوتی ہے۔" (ص85)

مورخہ 15 دسمبر1948ء کو فرمایا کہ:۔

"بیمار کو تندرست اور جوان دیکھنے کی تعبیر اکثر موت ہوتی ہے۔" (ص403)

مریض کی صحت

مورخہ 18۔ نومبر1950ء کو ایک کشف کا ذکر کر کے فرمایا کہ:۔

"خواب میں مریض کو یکدم تندرست ہوتا دیکھنا عام طور پر منذر ہوتا ہے مگر چونکہ ساتھ الحمدللہ کہا ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں یہ نیک اور مبشر کشف ہے۔ (ص449)

داڑھ

1924ء میں فرمایا کہ "میں نے دیکھا کہ میری ایک بائیں داڑھ ہل گئی ہے اور تعبیر میں داڑھ سے مراد عورت ہوتی ہے۔" (ص85)

مارچ1952ء میں فرمایا کہ "میں نے رؤیا میں دیکھا کہ میری ایک ڈاڑھ گر گئی ہے مگر وہ میرے ہاتھ میں ہے اور میں اسے دیکھ کر تعجب کرتا ہوں کہ وہ اتنی بڑی جسامت کی ہے کہ دو بڑی ڈاڑھوں کے برابر معلوم ہوتی ہے۔"

فرمایا "ڈاڑھ کے گرنے کی تعبیر کسی بزرگ کی وفات ہوتی ہے اور چونکہ منذر خواب کا بیان کرنا منع آیا ہے میں نے یہ رؤیا بیان نہیں کی لیکن جب سندھ کے سفر میں حضرت (اماں جان) کی بیماری کی خبریں آنی شروع ہوئیں تو اس رؤیا کی وجہ سے مجھے زیادہ تشویش ہوئی... آخر میں وہی بات ثابت ہوئی۔" (یعنی حضرت موصوفہ کا انتقال ہو گیا)

مزید فرمایا کہ "خواب میں جو دو ڈاڑھ کو ڈاڑھوں کے برابر دکھایا گیا ہے اس سے اس طرف اشارہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت (اماں جان) ہمارے اندر حضرت مسیح موعود کی بھی قائم مقام تھیں اور اپنی بھی قائم مقام تھیں۔ (ص89۔488)

دانت

یکم فروری 1935ء کو فرمایا کہ "اگر تو دیکھا جائے کہ دانت گر کر مٹی میں مل گئے ہیں تو اس کی تعبیر موت ہوتی ہے لیکن اگر یہ دیکھا جائے کہ مٹی میں نہیں ملے اور ہاتھ میں یا کسی اور جگہ محفوظ جگہ میں ہیں اور صاف ہیں تو اس کی تعبیر لمبی عمر ہوتی ہے۔" (ص134)

جراب

دسمبر1924ء میں فرمایا کہ سیدہ امتہ الحی صاحبہ بنت حضرت خلیفہ اول کی وفات سے پہلے دیکھا کہ "حضرت مولوی صاحب خلیفہ اول تشریف لائے ہیں اور میرے پاس چارپائی پر بیٹھ گئے ہیں ان کا رنگ بالکل زرد ہے۔ آپ نے میرے پاؤں کی جراب کو پکڑا اور فرمایا یہ جراب تو بالکل بوسیدہ ہو گئی ہے پھر اس میں سے ایک دھاگا نکالا اور اسے ذرا کھینچا تو وہ بالکل ٹوٹ گیا اور کچھ روئی سی نکل آئی اور فرمانے لگے کہ یہ تو بالکل بوسیدہ ہے دیکھو اس کے تو دھاگے بھی اب بوسیدہ ہو گئے ہیں۔ میں نے کہا کہ اس کا یہاں علاج نہیں ولایت میں تو اس کا علاج ہو سکتا ہے۔"

فرمایا "جراب سے مراد بیوی ہی تھی جو اس حد تک کمزور ہو گئی تھی کہ اب وہ بچ نہیں سکتی تھی۔" (ص86)

چنے

دسمبر1924ء میں فرمایا "چنے خواب میں غم پر دلالت کرتے ہیں" (ص87)

جسمانی صحت کا خیال

نومبر1925ء میں حضور نے "رؤیا" میں دیکھا کہ موجودہ جامع بیت الذکر بہت وسیع ہے اتنی وسیع تو نہیں کہ جہاں تک نظر جاتی ہے مگر بہت وسیع ہے دور تک پھیلی ہوئی ہے نمازی بھی بہت کثیر ہیں جن کو میں نے تین نصیحتیں کی ہیں...... دوسری یہ کہ جماعت کے لوگوں کو چاہئے مرکزی کاموں میں زیادہ دلچسپی لیں اور تیسری یہ کہ ہمارے لئے ضروری ہے کہ اپنی آئندہ نسلوں کی صحت کا خیال رکھیں اور نصیحت کرتے ہوئے میں نے یہ الفاظ کہے ہیں کہ ہماری آئندہ نسلوں کے لئے ہماری نسبت ہزار گنا زیادہ کام درپیش ہیں جس کے اٹھانے کے لئے ان کے کندھے اتنے ہی چوڑے ہونے چاہئیں۔

یہ خواب ایک بہت بڑی بشارت بھی اپنے اندر رکھتی ہے اور وہ یہ کہ جب ہماری اگلی پود کام کرنے کے قابل ہو گی تو اس وقت جماعت لاکھوں سے بڑھ کر کروڑوں تک پہنچ جائے گی مگر اس میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ہمیں جسمانی صحت کا خاص طور پر خیال رکھنا چاہئے۔ (ص88)

وفات

1926ء میں فرمایا کہ "میں نے رؤیا میں دیکھا کہ مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم آئے ہیں... اور حضرت (مسیح موعود ناقل) صاحب بھی آئے ہیں۔ زین الدین صاحب کو لے جانا ہے میں نے سمجھ لیا کہ یہ رؤیا ان کی موت پر دلالت کرتی ہے ان کی عمر 95 یا سو سال کے قریب تھی۔" (ص92)

منذر رؤیا

دسمبر1929ء کو ایک اپنی رؤیا کے سلسلہ میں فرمایا کہ "تشریح نہیں کرتا یہ منع ہے کیونکہ منذر رؤیا کا بیان کرنا بعض اوقات اس کے پورا کرنے کا موجب ہو جاتا ہے۔ (ص96)

عبدالقادر

جنوری1933ء میں اپنی ایک رؤیا کے ذکر میں فرمایا کہ "مجھے اللہ تعالیٰ نے عبدالقادر بنایا ہے...... عبدالقادر سے مراد ہے کہ بندہ ایک ایسے مقام پر پہنچ جاتا ہے کہ اس کے سب کام اللہ تعالیٰ کے لئے ہو جاتے ہیں اور کوئی خواہ کتنا طاقتور کیوں نہ ہو اس پر حملہ نہیں کر سکتا حملہ ہمیشہ کمزوریوں کی وجہ سے ہوتا ہے مگر جس کا کھانا پینا پہننا بھی عبادت ہو جائے اس پر حملہ کرنا خدا پر حملہ کرنا ہوتا ہے۔" (ص102)

فتح وظفر

سیدنا حضرت مصلح موعود نومبر1934ء کی اپنی ایک رؤیا کا ذکر کر کے فرماتے ہیں کہ:۔

چوہدری ظفراللہ خاں صاحب نے "میرے کندھوں اور سینہ کے اوپر کے حصہ پر بوسے دینے شروع کئے ہیں اور نہایت رقت کی حالت ان پر طاری ہے اور وہ بوسے بھی دیتے جاتے ہیں اور یہ بھی کہتے جاتے ہیں کہ میرے آقا میرا جسم اور روح آپ پر قربان ہوں کیا آپ نے خاص میری ذات سے قربانی چاہی ہے؟ میں نے اس کی یہ تعبیر کی کہ اول تو اس میں چوہدری صاحب کے اخلاص کی طرف اللہ تعالیٰ نے اشارہ کیا ہے کہ انشاء اللہ جس قربانی کا ان سے مطالبہ کیا گیا خواہ کوئی ہی حالات ہوں وہ اس قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ دوسرے یہ کہ ظفراللہ خاں سے مراد اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والی فتح ہے اور ذات سے قربانی کی اپیل سے متیٰ نصر اللہ کی آیت مراد ہے کہ جب خدا تعالیٰ کی مدد اور نصرت سے اپیل کی گئی تو وہ آگئی اور سینہ اور کندھوں کو بوسہ دینے سے مراد علم اور یقین کی زیادتی اور طاقت کی زیادتی ہے اور آقا کے لفظ سے یہ مراد ہے کہ فتح اور ظفر مومن کے غلام ہوتے ہیں اور اسے کوئی شکست نہیں دے سکتا اور جسم اور روح کی قربانی سے مراد قربانیاں اور دعاؤں کے ذریعہ سے نصرت ہے جو اللہ تعالیٰ کے بندوں اور فرشتوں کی طرف سے ہمیں حاصل ہوں گی۔" (ص109۔110)

تسکین

نومبر1934ء میں فرمایا "کہ میں نے یہ نظارہ دیکھا کہ ... کسی شخص نے ایک چیز انہیں (اہل خانہ کو) دی کہ سید ولی اللہ شاہ صاحب نے بھجوائی ہے انہوں نے لا کر مجھے دی کہ غلام نبی صاحب گلکار یہ قدرتی برف لائے ہیں کہ سید ولی اللہ صاحب نے دی ہے وہ برف ایک سفید تو لئے

میں لپٹی ہوئی ہے.... اس کشف کی تعبیر یہ ہے کہ ہمارے قلوب کو اللہ تعالیٰ کسی اپنے پیارے بندے کی قربانی کو قبول کرتے ہوئے ٹھنڈک پہنچائے گا.... قدرتی برف سے یہ مراد ہے کہ یہ سامان تسکین کے غیب سے پیدا ہوں گے اور اس کا نہ پگھلنا بتاتا ہے کہ تسکین مستقل ہوگی۔
(ص110)

چوہا

اپریل 1936ء کو فرمایا کہ "چوہے سے مراد منافق بھی ہوتا ہے اور طاعون بھی" (ص121)

انجام

فرمایا:۔ "1942ء میں اللہ تعالیٰ نے مجھے الہاماً فرمایا کہ حسن کی موت بہترین موت ہوگی اور ایسے وقت میں ہوگی جو بہتر ہوگا۔ اس الہام میں (۔) بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ میری ذات کے ساتھ تعلق رکھنے والی پیشگوئیوں کو پورا کرے گا اور میرا انجام بہترین انجام ہوگا اور جماعت میں کسی قسم کی خرابی پیدا نہ ہوگی (ص168)

دعوت الی اللہ

حضور نے 8 جنوری 1943ء کو رؤیا میں دیکھا کہ:۔

"میں یکدم قادیان سے کسی سفر کے ارادے سے چل پڑا ہوں چند آدمی میرے ساتھ ہیں میرا ارادہ کسی لمبے سفر کا معلوم ہوتا ہے۔ دل میں یہ خیال ہے کہ اب میں انگلستان کی طرف جانے والا ہوں..... اس خواب میں بھی مختلف ممالک کے آدمیوں کو میں نے دیکھا ہے عربوں کو دیکھا ہے جاپانیوں کو دیکھا ہے اور آخر میں انگلستان جانے کا ارادہ کیا ہے یہ تمام (دعوت الی اللہ) کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔" (ص169، 171)

گاڑی ٹکرانا

8۔ ستمبر 1943ء کو فرمایا کہ دیکھا کہ میں ایک گاڑی میں سوار ہوں..... راستہ میں وہ گاڑی کسی چیز سے ٹکرائی.... گاڑی ٹکرانے سے صدمہ عظیم مراد ہوتا ہے اور یہ مجھے اور امۃ الحکیم سلمہا اللہ تعالیٰ (حضور کی صاحبزادی ناقل) کو سخت چوٹ آنے سے یہی مراد تھی کہ ہم دونوں کو سخت صدمہ ہوگا۔"

فرمایا "شاید یہ اس کی والدہ ام طاہر کی وفات کے متعلق تھی۔" (ص178)

بال

11۔ اپریل 1944ء کو فرمایا کہ "اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس کی بغلوں کے بال بڑے بڑے ہیں تو اس کا مقصد پورا ہو جائے گا اسی طرح (تعبیر نامہ میں) لکھا تھا جو شخص یہ خواب دیکھے اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ وہ صحیح دین پر قائم ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے سخاوت کی توفیق ملتی ہے۔" (ص202)

اکیس

حضور نے 13۔ اپریل 1944ء کو فرمایا کہ:۔

"آج میں نے .... حضرت مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم کو دیکھا اور ان سے کہا آپ میرے واسطے دعا کیا کریں کہ میری اتنی عمر ہو کہ سلسلہ کی تکمیل کے واسطے کافی وقت مل جائے.... انہوں نے دعا کے واسطے سینہ تک ہاتھ اٹھائے مگر اونچے نہ کئے اور کہا "اکیس" اور بار بار "اکیس' اکیس" کہتے رہے اور پھر چلے گئے.... آج رات ایک لمبے عرصہ تک یہی رؤیا ذہن میں آ کر بار بار یہ الفاظ جاری ہوتے رہے "اکیس اکیس" (ص203)

(نوٹ) یہ اپریل 1944ء کا رؤیا ہے اس میں بموجب رؤیا "21" جمع کریں تو 65 بنتا ہے اور حضور مصلح موعود کی وفات ٹھیک 21 سال کے بعد نومبر 1965ء میں ہوئی۔

انگلی

حضور نے 26۔ اپریل 1944ء کو رؤیا دیکھا کہ کوئی کہہ رہا ہے "انگلی بھی کٹ گئی اور مرغی بھی ذبح ہو گئی" فرمایا "انگلی کٹنے کے معنی یہ ہیں کہ علاوہ ایک جان ضائع ہونے کے طاقت اور قوت کو بھی نقصان پہنچ جائے گا۔" (ص206)

حلوا

حضور نے 17۔ مئی 1944ء کو فرمایا کہ "حلوا کی جہاں اور تعبیریں ہیں وہاں اس کی ایک تعبیر عیش دنیا بھی ہے۔" (ص216)

خچر

حضور نے 26 مئی 1944ء کو فرمایا کہ "میں نے خچر دیکھی جسے عربی میں بغلہ کہتے ہیں اور شتر مرغ دیکھا ہے جسے نعامہ کہتے ہیں.... تعبیر ناموں میں خچر اور نعامہ دونوں کی ایک ہی تعبیر لکھی ہے.... کہ ایسی عورت سے شادی ہو جس کے ہاں اولاد نہیں ہو سکتی۔" (ص220)

لیموں

اکتوبر 1944ء میں حضور نے رؤیا دیکھا کہ "مجھے لیمونیڈ کا گلاس دیا گیا۔ لیموں تقویت قلب کے لئے مفید ہوتا ہے اس لئے یہ رؤیا مبشر ہے گو ممکن ہے بیماری کی طرف بھی اشارہ ہو۔" (ص241)

داڑھی

اکتوبر 1944ء میں فرمایا کہ "زندہ عورت کے اگر داڑھی دیکھیں تو اس کی یہ تعبیر ہوتی ہے کہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا۔ یہ بھی لکھا ہے کہ عورت کے داڑھی دیکھنا مبارک ہوتا ہے اس کو یا اس کے شوہر کو شرف اور مال ملتا ہے۔" (ص247)

دولت

30۔ اکتوبر 1944ء کو فرمایا کہ:۔ "خواب میں پاخانہ دیکھنے سے مراد روپیہ ہوتا ہے" اور مردہ کا اپریشن دکھایا گیا اس کا یہ مطلب تھا کہ.... وہ دراصل ایک مردہ کا ہی اپریشن تھا۔" (ص248)

روپیہ

نومبر 1950ء میں فرمایا کہ "میں نے دیکھا کہ میں ایک جگہ پر قضائے حاجت کے لئے بیٹھا ہوں اور بڑی مقدار میں پاخانہ آیا ہے.... رؤیا کی بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ جلد یا بدیر کوئی صورت بقیہ جائیدادوں کے فروخت ہونے کی یا ان کی آمد میں بڑھوتی کی ایسی پیدا کر دے گا کہ جس سے لوگوں کے قرضے آسانی سے ادا ہو سکیں"۔ (ص448)

بیت الذکر

اگست 1946ء میں فرمایا کہ "(بیت الذکر) سے مراد دین ہوتا ہے اسی طرح (بیت الذکر) سے مراد مذہبی جماعت بھی ہوتی ہے۔" (ص322)

کیڑے

اکتوبر 1946ء میں فرمایا کہ "خواب میں کوئی دیکھے کہ اس کے پیٹ میں کیڑے ہیں تو اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ اس کا مالی نقصان ہوگا۔" (ص335)

نوجوان

دسمبر 1946ء میں فرمایا کہ "خواب میں بغیر داڑھی اور مونچھوں کے نوجوان کو دیکھنے سے مراد فرشتہ ہوتا ہے۔" (ص355)

رہائی

حضور نے 4۔ اکتوبر 1947ء کو فرمایا کہ "جو شخص قیدی ہو اس کے رہا ہونے کی دو ہی تعبیریں ہوتی ہیں یا وفات اور یا پھر واقعہ میں رہائی ہونا۔" (ص383)

نذیر

ماہ فروری 1949ء میں فرمایا کہ:۔

"اس خواب کی تعبیر یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کے انبیاء نذیر ہوتے ہیں مگر نذیر خدا تعالیٰ بھی ہوتا ہے یہاں نذیر سے مراد خدا تعالیٰ ہے کیونکہ وہ خوشخبریاں بھی دیتا ہے اور تنبیہہ بھی کرتا ہے اور سرزنش بھی کرتا ہے اور اپنے بندوں کو ہوشیار بھی کرتا ہے۔" (ص409)

خادم دین بیٹا

جولائی یا اگست 1949ء کو فرمایا کہ "میں نے یہ خواب دیکھی... کہ گویا میں قادیان میں ہوں.... آگے آگے حضرت مسیح موعود ہیں اور ان کے پیچھے ایک لڑکا کوئی سات آٹھ سال کا ہے جس نے پگڑی باندھی ہوئی ہے جو ہندوستانی طرز کی ہے یعنی بڑی سی پگڑی ہے لیکن چونکہ اس نے عربوں کا سا پہنا ہوا ہے وہ حضرت مسیح موعود کے پیچھے دوڑتا چلا جاتا ہے میں خیال کرتا ہوں کہ وہ میرا بیٹا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ کسی وقت (دین) کی خدمت کے منصب پر فائز ہونے والا ہے۔" (ص417)

گنا

حضور نے نومبر 1949ء میں رؤیا میں دیکھا کہ۔

"ایک شخص نے سات آٹھ گنے رسی میں باندھے ہوئے میرے سامنے لا کر رکھے ہیں کہ یہ ڈپٹی کمشنر صاحب نے بھیجے ہیں اس کے بعد اس نے نہایت خوبصورت زمردی رنگ کا ایک گملا سا میرے آگے رکھا اور اس میں ایک اور چیز اسی کے سائز کی پڑی ہوئی ہے.... وہ شخص کہتا ہے کہ یہ بھی گنے ہیں یہ برازیل کے گنے ہیں انہیں (مرزا عبدالحق صاحب کو جو پاس ہی کھڑے ہیں) تعجب ہوتا ہے کہ یہ کس قسم کے گنے ہیں؟ نہایت خوبصورت گنے کی شکل کی چیز ہے اور اس کے اندر ایک اور چیز ہے جو لیمپ کے گلوب کی طرز کی معلوم ہوتی ہے اس رنگ کی خوبصورت سی چیز پڑی ہے لیکن وہ شخص کہتا ہے کہ یہ برازیل کے گنے ہیں۔"

فرمایا "گنے کی تعبیر غم ہوا کرتی ہے لیکن خواب میں جس قسم کی شکل برازیل کے گنے کی دیکھی ہے میں سمجھتا ہوں اس سے مراد بظاہر غم نہیں کیونکہ وہ بہت ہی خوشنما شکل تھی" (ص422)

لڑکا

جنوری 1950ء میں فرمایا کہ:۔ "میں نے رؤیا میں دیکھا کہ امۃ الباسط (حضور کی صاحبزادی) کے ہاتھ میں ایک خوبصورت لڑکا ہے اور وہ.... کہتی ہیں کہ اس کا نام رکھیں۔ میں نے کہا ہم اس کا نام قمر احمد رکھیں گے..... اس کے بعد اس کے ہوئی تو لڑکی ہے۔ لیکن تعبیر الرؤیا میں لکھا ہے کہ اگر خواب میں کسی کے ہاں لڑکا دیکھا جائے تو اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ اس کے ہاں لڑکی پیدا ہوگی اور اگر دیکھا جائے کہ لڑکی پیدا ہوئی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے کہ لڑکا پیدا ہوگا.... اللہ تعالیٰ نے رؤیا میں یہ بتایا ہے کہ لڑکی ہونے پر افسوس نہیں کرنا چاہئے اللہ تعالیٰ اس کے بعد لڑکا بھی دے گا جو دینی اور اخلاقی طور

پر قمراحمد کہلانے کا مستحق ہوگا۔" (ص423)

گورنر

حضور نے ستمبر1950ء میں فرمایا کہ:۔

میں نے دیکھا کہ پاکستان کے ایک صوبہ کے گورنر میرے گھر پر آئے ہیں۔ اگر تعبیر نام سے لی جائے تو پھر تو خیر مبارک تعبیر ہے لیکن اگر ظاہر سے تعبیر لی جائے تو علم تعبیر الرؤیا کے مطابق ایک غیر اور صاحب اقتدار شخص جب کسی کے گھر آئے تو اس کی دونوں تعبیریں یعنی یا اس سے کوئی بڑا خیر ملتا ہے اور یا کسی شر کا وہ موجب ہو جاتا ہے۔" (ص446)

خدمت کا موقع

حضور نے 21۔ اکتوبر 1951ء کو رؤیا بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ:۔

"چوہدری ظفراللہ خاں صاحب مجھے ملے ہیں.... ان کی شکل یکدم ایک عورت کی سی ہوگئی جو مغربی لباس میں ہے... یوں معلوم ہوتا ہے کہ تین آدمی اس کام پر مقرر تھے ایک چوہدری صاحب اور دو اور آدمی جو اس کام میں ان کے معاون تھے.... میں اس کی تعبیر یہ سمجھتا ہوں کہ شائد چوہدری صاحب کو اپنے ملک کی خدمت کا کوئی اچھا موقع ملے گا..... عورت کی شکل میں دیکھنے کے یہ معنے ہیں کہ ان کو تلطف اور رحم کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملے گا کیونکہ جب عورت کی شکل میں بیٹھے ہوئے کسی کو دیکھیں تو اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ اس میں کمزوری پائی جاتی ہے اور جب عورت کی شکل میں کسی کو کام کرتے دیکھیں تو اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ وہ کام بھی کرتا ہے اور سختی اور زبردستی سے بھی پرہیز کرتا ہے۔" (ص480)

ہجرت

حضور نے نومبر1951ء کو فرمایا کہ:۔

"میں نے دیکھا کہ گویا ہم قادیان سے ہجرت کر رہے ہیں یہ خیال نہیں آتا کہ وہی ہجرت ہے جو پہلے ہو چکی ہے اور اسی کا دوبارہ نظارہ دکھایا گیا ہے یا کوئی نئی ہجرت ہے حضرت مسیح موعود بھی ساتھ ہیں گویا وہ ہجرت کر رہے ہیں اور میں ان کے ساتھ ہوں جماعت نے اس خیال سے کہ پہلو پر سے کوئی حملہ نہ کرے تمام رستہ پر ایک طرف رسہ باندھا ہوا ہے۔" (ص81، 480)

سگریٹ

حضور نے 27۔ اکتوبر1955ء کو ایک رؤیا کا ذکر کرکے فرمایا کہ:۔

"خواب میں عام طور پر تمباکو یا حقہ دیکھنا برا سمجھا جاتا ہے لیکن چونکہ رؤیا میں میں نے سگریٹ پیا نہیں بلکہ سلگایا ہے اور پھر ایک کش لگا کر اس کی ہوا باہر نکال دی ہے اس لئے امید ہے کہ اگر کوئی فکر والی بات بھی ہوئی تو اللہ تعالیٰ اسے دور فرمائے گا کیونکہ ہوا کا باہر نکالنا بتاتا ہے کہ غم اور تشویش والی چیز کو میں نے تلف کر دیا ہے۔"

(ص555)

تانی

حضور نے 2 ستمبر1956ء کو فرمایا کہ:۔

"خواب میں...... جلاہوں کی ایک لمبی تانی..... دکھانے سے یہ بھی مراد ہے کہ کس طرح نازک تاگے آپس میں باندھے جا کر مضبوط کپڑے کی صورت اختیار کر لیتے ہیں یہی حالت جماعت کی ہوتی ہے جب تک ایک امام کا رشتہ اسے باندھے رکھتا ہے وہ مضبوط رہتی ہے اور قوم کے ننگ ڈھانکتی رہتی ہے لیکن امام کا رشتہ اس میں سے نکال دیا جائے تو ایک چھوٹا سا بچہ بھی اسے توڑ سکتا ہے اور وہ تباہ ہو کر دنیا کی یاد سے مٹا دی جاتی ہے۔" (ص564)

مبارک نام

حضور نے 10۔ اگست 1957ء کو رؤیا میں دیکھا کہ چوہدری ظفراللہ خان بھی ہیں میں نے ان کو خواب سنایا کہ میں نے دیکھا میں ایک جگہ پر بیٹھا ہوں اور کچھ احمدی آئے ہیں اور بطور تحفہ کچھ گنے اور کوئی چیز میرے آگے کر دیتے ہیں مگر خواب میں میں سمجھتا ہوں کہ یہ نذرانہ وہ مجھے نہیں دے رہے بلکہ جماعت کو دے رہے ہیں۔...... اس وقت میرے پاس چوہدری محمد حسین صاحب مرحوم سیالکوٹی کی بیوی بیٹھی ہیں جن کے ایک لڑکے کا نام عزیز احمد ہے جو لاہور میں غالباً سیشن جج ہیں اور ایک لڑکے کا نام چوہدری محمد عظیم ہے جو غالباً لاہور میں تحصیل دار ہیں اور ایک لڑکے کا نام چوہدری رحمت اللہ ہے جو غالباً بحری فوج میں کمانڈر ہیں جب کوئی وہ گنوں والا تحفہ میرے پاس رکھتا ہے وہ خاتون کہتی ہیں آگے کر کے رکھو۔ اللہ مبارک کرے جب میں نے چوہدری صاحب کو دیکھا اور یہ خواب مجھے یاد آئی تو میں نے دل میں خیال کیا کہ گنے تو خواب میں برے ہوتے ہیں اس میں ہماری جماعت کے متعلق کوئی انذاری پہلو ہے اس وقت یہ معلوم ہوتا ہے کہ جس جگہ میں اور چوہدری ظفراللہ خان کھڑے ہیں.... اس وقت مجھے خیال آیا کہ میں نیچے جا کر حضرت مسیح موعود سے یہ خواب بیان کروں چنانچہ میں نیچے گیا تو دیکھا کہ حضرت مسیح موعود اور بعض اور احباب بیٹھے ہیں میں نے پہلے خواب بیان کی اور کہا گنے تو منذر معلوم ہوتے ہیں آپ نے فرمایا کہ گنوں کا انذار تو کم ہوتا ہے لیکن جو دوسرے نام تم نے دیکھے ہیں وہ مبارک ہیں جیسے عزیز احمد، محمد عظیم اور رحمت اللہ پس ان ناموں کی وجہ سے یہ خواب مبشر ثابت ہوگی۔" (ص584، 585)

بجلی کے ماہانہ بل کا خود اندازہ لگایئے

کون سا آلہ کتنی بجلی خرچ کرتا ہے

آپ اپنے ہاں استعمال ہونے والی روشنیوں اور برقی آلات و مشینری میں مہینے بھر میں بجلی کے خرچ اور اس کے بل کا خود اندازہ کر سکتے ہیں اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک روشنی یا مشینری کی واٹ میں طاقت جتنے گھنٹے روزانہ استعمال کرتے ہیں اس سے ضرب دیں اس حاصل ضرب کو مہینے کے 30 دنوں سے ضرب دیں اور اس پوری مقدار کو 1000 (واٹ) سے تقسیم کر دیں تو آپ اس ایک چیز کے استعمال میں مہینے میں بجلی کے خرچ ہونے والے یونٹوں کا حساب لگا لیں گے اسی طرح باقی استعمال ہونے والی بجلی کی چیزوں میں بھی توانائی کے استعمال کا اندازہ کر لیں اور پھر تمام یونٹوں کو جمع کر کے ایک یونٹ کی قیمت سے ضرب دے کر مہینے کا بجلی کا اندازاً بل معلوم کر سکتے ہیں۔

حسابی فارمولا یوں ہے۔

واٹ میں طاقت x یومیہ استعمال کے گھنٹے x دن
―――――――――――――
1000واٹ

مثال: 100 واٹ کا بلب x روزانہ 10 گھنٹے x 30 دن = 30 یونٹ ماہوار
―――――――――――――
1000 واٹ

بجلی کے ماہانہ بل کا اندازہ لگانے کیلئے گھروں میں عام طور پر استعمال میں آنے والی روشنیوں اور برقی آلات کی واٹ میں طاقت اور بجلی کے خرچ کے حساب کا ذیل میں نقشہ آپ کا معاون ہوگا۔

نام اشیاء	طاقت	بجلی کا خرچ
بلب	100 واٹ	10 گھنٹے میں ایک یونٹ
ٹیوب لائٹ	40 واٹ	25 گھنٹے میں ایک یونٹ
پنکھا	100 واٹ	10 گھنٹے میں ایک یونٹ
ہیٹر	500 واٹ	2 گھنٹے میں ایک یونٹ
ہیٹر	1000 واٹ	1 گھنٹے میں ایک یونٹ
استری	1000 واٹ	1 گھنٹے میں ایک یونٹ
ٹوسٹر	500 واٹ	2 گھنٹے میں ایک یونٹ
〃	1000 واٹ	1 گھنٹے میں ایک یونٹ
جوسر بلینڈر	300 واٹ	سوا تین گھنٹے میں ایک یونٹ
ٹی وی	100 واٹ	10 گھنٹے میں ایک یونٹ
وی سی آر	50 واٹ	20 گھنٹے میں ایک یونٹ
واشنگ مشین	300 واٹ	سوا تین گھنٹے میں ایک یونٹ
واشنگ مشین	500 واٹ	2 گھنٹے میں ایک یونٹ
آٹومیٹک واشنگ مشین ہیٹر والی	2000 واٹ	نصف گھنٹے میں ایک یونٹ
آٹومیٹک واشنگ مشین ہیٹر والی	2500 واٹ	چوبیس منٹ میں ایک یونٹ
ریفریجریٹر اور ڈیپ فریزر	100 واٹ	10 گھنٹے میں ایک یونٹ
ریفریجریٹر اور ڈیپ فریزر	200 واٹ	5 گھنٹے میں ایک یونٹ
ڈیزرٹ کولر	500 واٹ	2 گھنٹے میں ایک یونٹ
ڈیزرٹ کولر	700 واٹ	ایک گھنٹہ 43 منٹ میں ایک یونٹ
ائرکنڈیشنر	ڈیڑھ ٹن	چوبیس منٹ میں ایک یونٹ
		(ایک گھنٹے میں اڑھائی یونٹ)
گیزر	1000 واٹ	1 گھنٹے میں ایک یونٹ
گیزر	2000 واٹ	آدھ گھنٹے میں ایک یونٹ
لفٹ پمپ	300 واٹ	سوا تین گھنٹے میں ایک یونٹ
ڈنکی پمپ	700 واٹ	ایک گھنٹہ 43 منٹ میں ایک یونٹ
کوکنگ رینج	2000 واٹ	آدھ گھنٹے میں ایک یونٹ
	5000 واٹ	12 منٹ میں ایک یونٹ

(جنگ 14 مارچ 2000ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو دفتر بہشتی مقبرہ کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر32668 میں ساجد خورشید ولد محمد خورشید قریشی صاحب قوم قریشی پیشہ پرائیویٹ ملازمت عمر23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چھوٹی ایسٹ اٹک بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 99-11-12 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ۔/4500 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد ساجد خورشید مکان نمبر 94 چھوٹی ایسٹ اٹک شہر گواہ شد نمبر1 عطاء الرب چیمہ مربی سلسلہ وصیت نمبر 27106 گواہ شد نمبر2 محمد مقبول عاطر وصیت نمبر28908۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

مسل نمبر32669 میں محمود احمد ولد ڈاکٹر سردار علی صاحب قوم شیخ قانون گو عمر56 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.K. لنڈن بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 97-4-13 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ صرف نقد رقم۔/12000 پونڈ۔ اس وقت مجھے مبلغ۔/70 پونڈ ہفتہ وار بصورت شوشل الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد محمود احمد U.K لنڈن گواہ شد نمبر1 مرزا محمد بشیر U.K لنڈن گواہ شد نمبر2 Sh.Mansur Ahmad لنڈن U.K۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

مسل نمبر32670 میں Teresiah زوجہ مکرم Miljuan پیشہ خانہ داری عمر32 سال بیعت 1993ء ساکن ملائیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 98-5-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔1۔ چار عدد لاکٹ مکس گولڈ وزنی 70 گرام مالیتی۔/R M 2800۔ 2۔ تین انگوٹھیاں مکس گولڈ وزنی 25 گرام مالیتی۔/R M 950۔ 3۔ حق مہر بذمہ خاوند محترم۔/R M 100۔ اس وقت مجھے مبلغ۔/R M 200 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی ۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی ۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ الامۃ Tersiah ملائیشیا گواہ شد نمبر1 عین الیقین وصیت نمبر 25913 گواہ شد نمبر2 محمد داؤد وصیت نمبر 26728۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

مسل نمبر32671 میں ضیاء قمر ساہی بیوہ ضیاء اللہ صاحب چیمہ قوم ساہی پیشہ خانہ داری عمر59 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 99-7-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ نقد رقم۔/850000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ۔/480 مارک ماہوار بصورت شوشل الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی ۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ الامۃ ضیاء قمر ساہی جرمنی گواہ شد نمبر1 (الف)

I Malahat Anwar W/O Daud Anwar

جرمنی۔
(ب)

Tehminah W/O Qas war Naeem Sahi

ساکن جرمنی گواہ شد نمبر2 Daud Anwar
جرمنی۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

مسل نمبر32672 میں آفتاب محمود ولد محمود احمد قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چنبیلی مارکیٹ جھنگ صدر حال شرق اوسط بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 99-6-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔1۔ رہائشی پلاٹ برقبہ 7 مرلہ A-39 واقع جوڈیشل کالونی رائے ونڈ روڈ لاہور مالیتی۔/75000 روپے۔2۔ پلاٹ برقبہ 5 مرلہ واقع چک نمبر 209 جڑانوالہ روڈ فیصل آباد مالیتی۔/70000 روپے۔3۔ زیر استعمال کار اور گھریلو سامان مالیتی۔/5000 ریال۔ کل پاکستانی جائیداد مالیتی۔/345000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ۔/2850 ریال ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد آفتاب محمود جھنگ صدر حال شرق اوسط گواہ شد نمبر1 رانا سلیم احمد شرق اوسط گواہ شد نمبر2 رانا عبدالرؤف قائد شرق اوسط۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

مسل نمبر32673 میں مرید فاطمہ بیوہ مسعود احمد مرحوم قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 60 سال بیعت جنوری 1950ء ساکن ناصر آباد شرقی ربوہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 99-11-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/6 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ زرعی زمین برقبہ 4 ایکڑ واقع شاہ پور ضلع نارووال مالیتی۔/200000 روپے۔ 2۔ بالیاں طلائی وزنی ایک تولہ مالیتی۔/5000 روپے۔ 3۔ مکان کچا واقع چک نمبر3 پیکی مالیتی۔/5000 روپے۔ 4۔ ترکہ خاوند مرحوم مکان کا 1/8 حصہ مالیتی۔/5000 روپے۔ 5۔ حق مہر۔/32 روپے۔ کل جائیداد مالیتی۔/215032 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ۔/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/6 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی ۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ الامۃ مرید فاطمہ مکان نمبر A-18 ناصر آباد شرقی ربوہ گواہ شد نمبر1 بشارت اللہ ناصر آباد شرقی گواہ شد نمبر2 نعمت اللہ شمس 149۔ ناصر آباد شرقی ربوہ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

مسل نمبر32674 میں محمودہ نصرت بیوہ عبدالغفور مرحوم قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر52 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 90 ناصر آباد غربی ربوہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 99-11-20 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ زیورات طلائی وزنی 4 تولہ مالیتی۔/24000 روپے۔ 2۔ بینک بیلنس۔/50000 روپے۔ 3۔ حق مہر۔/5000 روپے۔ کل جائیداد مالیتی۔/79000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ۔/1000 روپے ماہوار بصورت خرچ از پسران مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی ۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ الامۃ محمودہ نصرت 90 ناصر آباد غربی ربوہ گواہ شد نمبر1 چوہدری صادق علی مکان نمبر27 ناصر آباد غربی ربوہ گواہ شد نمبر 2 محمد افتخار احمد 62۔ ناصر آباد غربی ربوہ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

مسل نمبر32675 میں سید عبدالسلام رضوان ولد سید عبدالرحمٰن قوم سید پیشہ طالب علمی عمر20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم وسطی ربوہ حال مسلم ٹاؤن لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 2000-24 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ۔/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ سے منظور فرمائی جائے۔ العبد سید عبدالرحمٰن رضوان 17/43 دارالعلوم وسطی حال مسلم ٹاؤن لاہور گواہ شد نمبر1 سید عبدالرحمٰن شاہ وصیت نمبر 32405 والد موصی گواہ شد نمبر2 مرزا نذیر احمد وصیت نمبر12843 نانا موصی۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

اطلاعات و اعلانات

ولادت

○ اللہ تعالیٰ نے مکرم ملک بشیر احمد صاحب اعوان (ریٹائرڈ) انسپکٹر وقف جدید 23/15 دارالیمن شرقی ربوہ کے بیٹے مکرم صفوان احمد ملک صاحب نمائندہ روزنامہ الفضل ربوہ کو محض اپنے فضل سے مورخہ 23۔ فروری 2000ء کو دوسرے بیٹے سے نوازا ہے۔ جس کا نام حضور انور نے از راہ شفقت "قویم احمد ملک" عطا فرمایا ہے۔ نومولود وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔

عزیز نومولود محترم ملک محمد عظیم صاحب سابق صدر جماعت احمدیہ و زعیم انصاراللہ بوچھال کلاں ضلع چکوال کا پڑپوتا اور مکرم ماسٹر (ر) ملک سلطان علی صاحب ریحان معلم اصلاح وارشاد کا نواسہ اور محترم مولانا محمد اسماعیل صاحب دیالگڑھی کا پڑنواسہ ہے۔

احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو باعمر' سعادت مند' والدین کے لئے قرۃ العین اور خادم دین بنائے۔ آمین۔

○ مکرم قمر احمد صاحب (راہ مولا میں جان قربان کرنے والے) کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 21۔ مارچ 2000ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ جس کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے "فخر احمد" عطا فرمایا ہے نومولود مکرم ظفر احمد خان صاحب سیکرٹری تربیت نومبائعین قیادت ماڈل ٹاؤن لاہور کا پوتا اور مکرم جلال الدین صاحب شاد ناظم انصاراللہ ضلع سیالکوٹ کا نواسہ ہے۔

احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو صالح۔ باعمر اور خادم دین بنائے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

سانحہ ارتحال

○ مکرم مرزا وسیم احمد صاحب ولد مکرم مرزا ممتاز احمد صاحب سکنہ شاہ پور صدر ضلع سرگودھا مورخہ 8۔ اپریل 2000ء کو بعمر 25 سال انتقال کر گئے مورخہ 9۔ اپریل 2000ء کو بعد نماز عصر بیت مبارک میں مکرم چوہدری مبارک مصلح الدین احمد صاحب نے نماز جنازہ پڑھائی۔ قبرستان عام میں تدفین کے بعد مکرم قریشی افتخار علی صاحب وکیل المال ثالث تحریک جدید نے دعا کرائی۔

آپ مکرم رانا فاروق احمد صاحب مربی سلسلہ دعوت الی اللہ اور مکرم قریشی امتیاز علی صاحب کارکن نظارت مال خرچ کے برادر نسبتی تھے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور آپ کے بہن بھائیوں اور والدین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

تقریب نکاح و رخصتانہ

○ عزیزہ صادقہ فرحت بنت مکرم مولانا محمد صدیق شاہد صاحب گورداسپوری نائب وکیل التبشیر ربوہ کی تقریب رخصتانہ مورخہ 3۔ اپریل بروز سوموار عمل میں آئی محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے دعا کرائی۔

اس سے قبل برات کی آمد پر محترم قریشی سفیر احمد صاحب زعیم انصاراللہ دارالرحمت وسطی نے عزیزہ کے نکاح کا اعلان ہمراہ عزیز مکرم شریف احمد صاحب ابن مکرم برکت علی صاحب مرحوم دارالنصر شرقی مبلغ۔/ 30 ہزار روپے حق مہر پر فرمایا۔

احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو دونوں خاندانوں کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت ثابت کرے۔

خدام اور ناظمین تعلیم توجہ فرمائیں

○ اپریل 2000ء میں خدام کے مطالعہ کے لئے حضرت مسیح موعود کی کتاب "انجام آتھم" مقرر ہے۔ کیا آپ نے اس کتاب کا مطالعہ شروع کر دیا ہے۔؟

اگر آپ نے ابھی تک یہ کتاب نہیں پڑھی تو براہ کرم فوراً کتاب حاصل کر کے اس کا مطالعہ شروع کر دیں۔

(مہتمم تعلیم مجلس خدام الاحمدیہ)

درخواست دعا

○ معروف احمدی شاعر مکرم رشید قیصرانی صاحب کا آپریشن مورخہ 2000ء۔4۔26 کو کراچی میں ہو رہا ہے انہوں نے احباب سے دعا کی درخواست کی ہے۔

○ مکرم رانا اعجاز علی صاحب سابق صدر ناصر آباد غربی ربوہ حال علامہ اقبال ٹاؤن لاہور بیمار ہیں۔

○ مکرم رانا بشارت احمد صاحب ولد رانا محمد صدیق صاحب ناصر آباد غربی موٹر سائیکل کے حادثہ میں شدید زخمی ہو گئے ہیں اور سروسز ہسپتال لاہور میں زیر علاج ہیں۔

ان سب کے لئے درخواست دعا ہے۔

○ مکرم شہادت علی شاہد صاحب مربی سلسلہ سعد اللہ پور کی ہمشیرہ "ولائت اختر صاحبہ" دو تین ماہ سے لگاتار بیمار چلی آ رہی ہیں۔ پہلے ملیریا ہوا۔ پھر ٹائیفائیڈ اور ٹانگوں میں تکلیف شروع ہو گئی۔ مریضہ کے دل کا والو بھی خراب ہے۔ مریضہ سول ہسپتال فیصل آباد میں زیر علاج ہے۔ مریضہ کے دو بیٹے اور دو بیٹیاں ہیں۔ چھوٹا بیٹا سوا سال کی عمر کا ہے۔

عالمی خبریں عالمی ذرائع ابلاغ سے

انڈونیشیا میں لڑائیاں فسادات

انڈونیشیا کے دو دیہات میں لڑائی کے دوران درجنوں مکان نذر آتش کر دیئے گئے۔ متعدد افراد ہلاک ہوئے۔ لڑائی بیوی کے جھگڑے سے شروع ہوئی جو بعد ازاں دو دیہات تک پھیل گئی۔ جدید اسلحہ بھی استعمال کیا گیا صورت حال کشیدہ ہے۔ درجنوں افراد علاقہ چھوڑ کر چلے گئے 73 گھر جلا دیئے گئے۔ دوسری طرف صوبے آچے میں فسادات کے دوران 8۔ افراد ہلاک اور 5 زخمی ہو گئے۔ ایک علاقے میں علیحدگی پسندوں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا نامعلوم افراد نے دو ہینڈ گرنیڈ ایک پیٹرول ڈپو پر پھینک دیئے۔

تائیوان پر حملے کی تیاری

چین نے تائیوان پر حملہ کرنے کی تیاریاں شروع کر دی ہیں۔ چین کی فوج کو الرٹ کر دیا گیا ہے۔ سنگاپور کے وزیراعظم نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صدر جیانگ زیمن ہر قیمت پر تائیوان کو چین کا حصہ بنانا چاہتے ہیں عنقریب وہ کوئی بڑا فیصلہ کرنے والے ہیں۔

دو جاسوس گرفتار

افغانستان میں حکمران طالبان کے ایک ترجمان نے بتایا ہے کہ دو غیر ملکی افراد کو جاسوسی کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔

برما میں ٹرین الٹ گئی

برما میں تیز رفتار ٹرین الٹ گئی۔ 10 مسافر ہلاک اور 24 زخمی ہو گئے۔ حکام نے بتایا کہ حادثہ تخریب کاری ہے۔ ریل کی پٹڑی اکھڑی ہوئی تھی۔ ہر طرف چیخ و پکار مچ گئی۔ زخمیوں اور لاشوں کو بوگیاں کاٹ کر نکالا گیا۔ زخمیوں کو ہسپتال میں داخل کرا دیا گیا۔ حکام کے مطابق اس قسم کے واقعات علیحدگی پسند کیرن نیشنل یونین ملوث ہے۔

قرضوں کا بوجھ کم کر دیں گے

آئی ایم ایف اور عالمی بینک نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ غریب ملکوں پر سے قرضوں کا بوجھ کم کر دیں گے۔ سال رواں کے آخر تک 15 ممالک قرض معافی کے اہل ہو جائیں گے۔ ایڈز کی ہلاکت خیزی سے نجات کے لئے غریب ملکوں کو امداد دی جائے گی۔ مظاہرین کی تسلی کے لئے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ واشنگٹن میں شدید ہنگاموں کے جلوس میں عالمی مالیاتی اداروں کا اجلاس ختم ہو گیا۔ مظاہرین پر بدترین لاٹھی چارج کیا گیا آنسو گیس برسائی گئی کالی مرچوں کے پاؤڈر، گرم پانی اور کیمیکلز کا سپرے کر کے مظاہرین کو منتشر کرنے کی کوشش کی گئی۔

صدر کلنٹن کا دورۂ ماسکو

امریکی صدر بل کلنٹن جون میں ماسکو جائیں گے۔ وہ روسی صدر ولادی میر پوٹن سے ملاقات کریں گے اور سٹارٹ تھری معاہدے کے بارے میں بات چیت کریں گے۔

مسئلہ مذاکرات سے حل کیا جائے

چین نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ کا مسئلہ طاقت کی بجائے مذاکرات سے حل کیا جائے۔ مذاکرات کے دوران اقوام متحدہ کی قراردادوں کو مدنظر رکھا جائے۔ عالمی برادری قیام امن کے عمل کو آگے بڑھانے کے لئے موثر کردار ادا کرے۔

جنوبی لبنان سے اسرائیلی فوج کا انخلاء

اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ وہ جولائی میں جنوبی لبنان سے اسرائیلی فوج کے انخلاء کے معاملے کی نگرانی کرے گا۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل فیصلے کے نتائج کا مطالعہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے سلامتی کونسل کو معاہدے سے آگاہ کر دیا ہے۔ اقوام متحدہ کی کوشش ہے کہ بغیر کسی خطرے کے انخلاء کی کارروائی مکمل ہو جائے۔ اور کوئی خون خرابہ نہ ہو سکے۔ ادھر اسرائیلی حکام نے تصدیق کر دی کہ اسرائیلی فوجیں جولائی تک جنوبی لبنان خالی کر دیں گی۔

فلسطینی بچوں کا مظاہرہ

فلسطینی قیدیوں کے دن کے موقع پر فلسطینی بچوں نے ہاتھوں میں زنجیریں باندھ کر اسرائیلی جیلوں میں قید اپنے رشتہ داروں کی رہائی کے لئے مظاہرہ کیا۔ بچوں کے ساتھ خواتین بھی شامل تھیں جنہوں نے اپنے قیدی عزیزوں کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں۔

مندے کے بعد تیزی

امریکی بازار حصص میں زبردست مندے کے بعد اب ریکارڈ تیزی آ رہی ہے۔ ماہرین کے اندازے دھرے کے دھرے رہ گئے۔ نڈیک کے عددی اعشاریہ میں 217 پوائنٹس کا اضافہ ہوا جو ایک دن میں ہونے والا سب سے زیادہ اضافہ ہے۔ یورپ اور ایشیا کی منڈیوں میں مندے کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔

تائیوان کو جدید ہتھیاروں کی فروخت

امریکی صدر بل کلنٹن نے تائیوان کو جدید ہتھیاروں کی فروخت کے بل کی منظوری دے دی ہے۔ ان ہتھیاروں میں فضا سے فضا میں مار کرنے والے اور اینٹی شپ میزائیل بھی شامل ہیں۔ چین کے ترجمان نے اس بل پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ تائیوان کو امریکی ہتھیاروں کی فروخت سے چین کو دھچکا لگا ہے۔

یوکرائن میں ریفرنڈم

یوکرائن میں ایک ریفرنڈم کرایا گیا جس کے تحت 90 فیصد عوام نے صدر کو پارلیمنٹ توڑنے کا اختیار دے دیا۔ عوام نے مخصوص حالات میں پارلیمنٹ کی مدت متعین کرنے اور اراکین کی تعداد کم کرنے کی حمایت کی۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ملکی خبریں
قومی ذرائع ابلاغ سے

ربوہ: 19 اپریل۔ گذشتہ چوبیس گھنٹوں میں کم سے کم درجہ حرارت 27 درجے سنٹی گریڈ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 درجے سنٹی گریڈ
جمعرات 20 اپریل۔ غروب آفتاب 6-43
جمعہ 21 اپریل۔ طلوع فجر 4-04
جمعہ 21 اپریل۔ طلوع آفتاب 5-31

حکومت نے اپیل دائر کردی

طیارہ سازش کیس میں انسداد دہشت گردی کی عدالت کے فیصلے کے خلاف حکومت نے اپیل دائر کردی ہے اس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ نواز شریف کو پھانسی کی سزا دی جائے۔ جن چھ ملزموں کو بری کیا گیا تھا ان کی بریت کے خلاف بھی اپیل میں درخواست کی گئی ہے استغاثہ نے موقف اختیار کیا کہ ہائی جیکنگ سازش یا اعانت میں عدالت انتہائی سزا دینے کی پابند ہے۔ مگر عدالت نے ایسا نہ کیا اور نہ ہی اس کی وجوہات بیان کیں اسلام کے مطابق سربراہ حکومت کی سزا میں تخصیص نہیں ہونی چاہئے۔ ساتوں ملزمان پر سازش ثابت ہوئی تھی دوسری طرف عمر قید کے خلاف سابق وزیر اعظم کی اپیل سماعت کے لئے منظور کرلی گئی۔ نواز شریف کے وکیل عزیز اللہ شیخ کے متعلق سرکاری وکیل راجہ قریشی نے کہا کہ عزیز اللہ شیخ نے استغاثہ کا مقدمہ لڑنے کے لئے مشاورت کی فیس بھی مانگ لی تھی لہذا اب نواز شریف کا مقدمہ لڑنا وکالت کے اصولوں کے خلاف ہے عزیز اللہ شیخ نے کہا کہ آپ کے کیس میں کوئی جان نہیں۔ آپ مجھ پر الزام نہ لگائیں۔

حقیقی جمہوریت آئے گی

چیف ایگزیکٹو جنرل پرویز مشرف نے قاہرہ کے دورہ سے واپسی پر ایک بیان میں کہا کہ ضلعی انتخابات سے حقیقی جمہوریت آئے گی۔ اصلاحات پر عمل درآمد ہونے تک انتخابات کے لئے ٹائم ٹیبل نہیں دیا جاسکتا۔ عوامی خواہش پر احتساب کا عمل بھی جاری رہے گا۔ حکومت 1988ء کی مردم شماری کے اعداد و شمار کمپیوٹرائزڈ کرے گی۔ ستمبر سے دس لاکھ نئے شناختی کارڈ جاری ہوں گے فی کس 15 روپے وصول کئے جائیں گے۔

غریب افراد کو امداد

چیف ایگزیکٹو نے کہا کہ 15 لاکھ غریب افراد کو گندم کی خریداری کے لئے امداد دی جائے گی۔ نجی ادارے نظام تعلیم کے ماتحت ہوں گے۔

ہر سطح پر ٹیکس لگے گا

قومی تعمیر نو بیورو کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل (ر) تنویر نقوی نے کہا ہے کہ ٹیکسوں کا دائرہ وسیع کیا جارہا ہے۔ قومی سطح سے لے کر یونین کونسل کی سطح تک ہر سطح پر ٹیکس لگے گا۔

دانیال عزیز کا جرم

قومی تعمیر نو بیورو کے رکن دانیال عزیز کو بیگم کلثوم نواز سے ملاقات کے جرم میں ان کے عہدے سے فارغ کیا جارہا ہے ان پر قومی تعمیر نو کے پروگرام کے بارے میں آگاہ کرنے کا الزام لگایا گیا ہے۔

روشن خیال اسلام کی ضرورت

چیف ایگزیکٹو نے کہا کہ فرقہ واریت کے خاتمہ کے لئے روشن خیال اور ترقی پسند اسلام لانے کی ضرورت ہے۔ ہم دینی مدرسوں کو تعلیم کے قومی دھارے میں لانے کے لئے منصوبہ بنا رہے ہیں۔ جس کے تحت کمپیوٹر اور دیگر جدید مضامین ان اداروں میں پڑھائے جائیں گے جن میں انسانیت کے پہلو کو اجاگر کیا جائے گا۔

ٹریفک حادثے 23 ہلاک

گجرات جلالپور جٹاں اور شیخوپورہ میں ٹریفک حادثوں میں 16 افراد جاں بحق ہوگئے۔ کھاریاں کے قریب فیصل آباد جانے والی بس خوفناک دھماکہ سے ویگن کے ساتھ جا ٹکرائی 9 مسافر موقع پر جاں بحق ہوگئے۔ گجرات میں ٹائر پھٹنے کے باعث ویگن قلابازیاں کھاتی ہوئی دور جا گری 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ بھوانہ کے قریب سلطان باہو کے عرس سے واپس آنے والے زائرین کی بس الٹنے سے دو خواتین ہلاک ہوگئیں کوٹہ کے قریب بس الٹ جانے سے 7 افراد جاں بحق ہوگئے۔

کراچی میں دہشت گردی

کراچی میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے تحریک جعفریہ کا کارکن قتل ہوگیا۔ احمد رضا نقوی لیاری ٹیلی فون ایکس چینج کا سپروائزر تھا۔

لاہور کچہری میں فائرنگ

ضلع کچہری لاہور میں گزشتہ روز پولیس کی بھاری جمعیت اور سینکڑوں شہریوں کی موجودگی میں مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ڈاکو کو چھڑا لیا دو کانسٹیبل شدید زخمی ہوگئے پولیس افسر اور اہلکار بھی اپنے ساتھی کو خون دینے ہسپتال پہنچ گئے۔

حکومت سے کوئی ساز باز نہیں

میاں شہباز شریف کی بیگم نصرت شہباز نے کہا ہے کہ حکومت سے ہماری کوئی ساز باز نہیں ہوئی۔ کلثوم نواز کے ساتھ ہوں۔ بیماری کی وجہ سے تحریک میں حصہ نہیں لے سکتی۔ نواز شریف میرے بڑے بھائی کی طرح ہیں سزا پر افسوس ہوا۔ ہمارے خاندان میں کوئی اختلاف نہیں ہماری فیملی میاں شریف کا حکم مانتی ہے شہباز کو حب الوطنی کی سزا دی گئی۔

سرور کاکڑ نے ہنگامہ کردیا

بلوچستان کے سابق وزیر سرور کاکڑ نے احتساب عدالت راولپنڈی میں ہنگامہ کردیا انہوں نے کہا کہ میں نے مائع گیس کا کوٹہ لے کر کونسا جرم کیا ہے مجھے کیوں گرفتار کیا گیا ہے۔ گیس بلوچستان میں پیدا ہوتی ہے مائع گیس پر بلوچستان کے عوام کا کیا کوئی حق نہیں؟

رنجشوں کا وقت نہیں

سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ یہ رنجشوں کا وقت نہیں لیگی رہنما اپنے اختلافات ختم کردیں۔ قوم جلد خوشخبری سنے گی۔ انشاء اللہ سندھ ہائی کورٹ سے باعزت بری ہو جاؤں گا۔ سابق وزیر اعظم نے لانڈھی جیل میں کلثوم اور اپنی والدہ سے دو گھنٹہ تک ملاقات کی۔

جج نے زندگی بچالی

امریکی ٹیلی ویژن سی این این نے نواز شریف کے فیصلے کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام سزائے موت کے منتظر تھے۔ جج نے نواز شریف کی زندگی بچالی۔ ہائی جیکنگ کا جرم ثابت ہوجانے کے باوجود نواز شریف کو وہ انصاف ملا جس سے انہوں نے دوسروں کو محروم رکھا۔ پارلیمنٹ سے منظور کرائے گئے انسداد دہشت گردی کے قانون میں اپیل کا حق نہیں دیا گیا تھا۔ بعد میں سپریم کورٹ نے دیا۔

الیکشن کمیشن طاقتور ہوگا

چیف ایگزیکٹو جنرل پرویز مشرف نے کہا ہے کہ عام انتخابات سے قبل الیکشن کمیشن کو آزاد اور خود مختار بنایا جائے گا۔ حلقہ بندیاں تبدیل ہوں گی۔ وفاق کو مضبوط بنائیں گے۔ صوبوں کی محرومیوں کا خاتمہ کردیں گے۔

جنرل مشرف لیبیا میں

چیف ایگزیکٹو جنرل پرویز مشرف قاہرہ کے بعد لیبیا پہنچ گئے۔ انہوں نے صدر معمر القذافی سے ملاقات کی۔

اپیل کی سماعت سے معذوری

لاہور ہائی کورٹ کے ڈویژن بنچ نے پنجاب کے سابق وزیر اعلیٰ منظور احمد وٹو کی سزا کے خلاف اپیل کی سماعت سے معذوری کا اظہار کرتے ہوئے ایک فاضل جج خواجہ محمد شریف نے کہا چونکہ میں اس کیس میں چیف پراسیکیوٹر رہ چکا ہوں اس لئے مناسب نہیں کہ اس اپیل کی سماعت کروں فاضل بنچ نے اپیل چیف جسٹس کو بھجوا دی ہے تاکہ کسی دوسرے بنچ کے روبرو پیش کی جا سکے۔

پاکستان تنہا نہیں ہوگا

چیف ایگزیکٹو جنرل پرویز مشرف نے کہا ہے کہ متعدد ممالک نے ہمارا موقف سمجھ لیا ہے۔ پاکستان تنہا نہیں ہوگا۔ اپنے حالیہ دوروں میں جہاں بھی گیا۔ تبدیلیوں کے بارے میں حکومتی موقف بہتر طور پر سمجھا گیا۔ مغربی ممالک نے پاکستان کے مسائل سے اتفاق کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں قومی انتخابات کا ٹائم ٹیبل نہیں دے سکتا کیونکہ اس سے قبل ہمیں بہت سے شعبوں کو درست کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقتصادی بحالی کے امکانات روشن تر ہو رہے ہیں۔

منگلا ڈیم میں پانی بڑھ گیا

منگلا ڈیم اور چشمہ بیراج میں پانی کی صورت حال بہتر ہوگئی۔ واپڈا نے بتایا ہے کہ سندھ کو آبپاشی کیلئے 7000 کیوسک سے زائد پانی دیا جارہا ہے۔

بھائی بھائی گولڈ سمتھ
اقصیٰ روڈ چیمہ مارکیٹ ربوہ
☎ 211158 (گلی کے اندر ہے)

ربوہ میں انٹرنیٹ اور ای میل ٹریننگ نہایت مناسب چارجز پر
ڈپلومہ کورسز شارٹ کورسز۔ جدید کمپیوٹرز کا نیٹ ورک۔ انٹرنیٹ۔ ای میل فری کمپیوٹر ٹائپنگ۔ کمپیوٹر ہارڈ ویئر فری۔ طالبات کے لئے علیحدہ لیب اور کلاسز صبح و شام
نیشنل کالج 23۔ شکور پارک ربوہ
Angels@brain.net.pk Ph. 212034

اب نئی ورائٹی کے ساتھ
فرحت علی جیولرز اینڈ زری ہاؤس
یادگار روڈ ربوہ 04524-213158
FAX: 0092-4524-213158
پروپرائٹر: غلام سرور طاہر اینڈ سنز (آف شیخوپورہ)

سنگ مرمر کی اعلیٰ کوالٹی میں خوبصورت و پائیدار کتبے ریٹ مناسب۔ کام معیاری اور حسب وعدہ
رفیق ماربل ڈیزائنر
نزد فاتحہ انصار اللہ یادگار روڈ۔ ربوہ
فون دکان 999 - گھر 212891

MEDICAL EQUIPMENT
ECG, CARDIAC MONITORS, DEFIBS, ULTRASOUND & PRINTERS, XRAY, CT SCAN
ALL HOSPITAL & LAB EQUIPMENTS
IMS
21 Bank Sqr. Mkt
Model Town Lahore
Tel: 042-5865976 &
Mob: 0303-7584801

رجسٹرڈ سی پی ایل نمبر 61